احترام
مواصلات
حقوق
اعتماد
وقار
کمیونٹی

# کوکا کولا کمپنی اور انسانی حقوق

## وہ باتیں جنہیں جاننا اور کرنا تمام لیڈران کے لیے ضروری ہیں

The Coca-Cola Company

### انسانی حقوق کے احترام کے تئیں ہماری عہد بستگی

کوکا کولا کمپنی انسانی حقوق کو سنجیدگی سے لیتی ہے۔ ہماری کمپنی کی کامیابی کی بنیاد ہماری کوالٹی کے اعلی معیار، دیانت داری اور شاندار کارکردگی پر رکھی گئی ہے۔ کمپنی توقع کرتی ہے کہ ان تمام معیاروں کو انسانی حقوق کے تئیں اس کے احترام کے ضمن میں تندہی کے ساتھ نافذ کیا جائے۔

یہ بروشر آپ کے روزمرہ کے کاموں میں آپ کی رہنمائی کے لیے فراہم کیا گیا ہے، انفرادی طور پر کمپنی کی انسانی حقوق سے متعلق پالیسی کو آپ کے اعمال میں شامل کرکے، نیز بطور ایک لیڈر کے اپنی ٹیم کے کام کاج میں انسانی حقوق کے تئیں عہد بستگی پیدا کرکے۔ ہم اپنے کاروبار کے تمام گوشوں میں انسانی حقوق کے احترام کے لیے اپنی عہد بستگی پر تب کھرے اترتے ہیں جب یہ ہمارے کام کام کے معمول کے طریقہ کا حصّہ ہو۔

### تو کیا چیز متوقع ہے؟

- انسانی حقوق کے لیے احترام کو انسانی حقوق سے متعلق ہماری پالیسی سے ہم آہنگ کرکے، اپنے کام کاج کے طریقہ کا حصّہ بنائیں۔ بالفاظ دیگر جو کہیں اس پر عمل کریں۔ انسانی حقوق کو اپنی باقاعدہ ٹیم کی میٹنگوں میں بنیادی حیثیت دیں اور خود اپنے طرز عمل کے ذریعہ "احترام" کیا ہوتا ہے اس کا مظاہرہ کریں۔
- انسانی حقوق سے متعلق پالیسی کا اطلاق کمپنی کی سہولت گاہوں کے اندر اور باہر دونوں جگہوں پر ہوتا ہے۔ سپلائروں، گاہکوں، معاشروں اور کسی دیگر ایسی جماعت کے ساتھ معاملہ کرتے وقت جو کہ اس چیز سے متاثر ہو سکتے ہیں جو کہ ہم کرتے ہیں (یا حتٰی کہ جو ہم نہیں بھی کرتے ہیں)، انسانی حقوق کے انہی معیاروں کو نافذ کریں جنہیں آپ اپنے ساتھی کارکنوں پر نافذ کرتے ہیں۔
- کسی بھی نئے کاروباری عمل، حصول یا سرگرمی کے لیے اسے انسانی حقوق کی عینک سے دیکھیں۔ اسے زیادہ عام زبان میں ضروری احتیاط برتنا کہتے ہیں۔ انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں سے اجتناب کا بہترین طریقہ اس بات کو یقنی بنانا ہے کہ انسانی حقوق پر قبل از وقت غور کر لیا جائے اور عمل، حصول یا سرگرمی کے دوران اس پر توجہ مرکوز رکھی جائے۔
- اگر آپ سپلائی چین کے مسائل میں شامل ہیں، یا کسی فروخت کنندہ کے ساتھ معاملات کرتے ہیں تو یقینی بنائیں کہ آپ کمپنی کے سپلائر سے متعلق رہنما اصولوں [Supplier Guiding Principles] کی تعمیل کرتے ہیں جو کہ انسانی حقوق سے متعلق ہماری پالیسی سے بھی ہم آہنگ ہوں۔
- انسانی حقوق سے متعلق خطرات کسی بھی ملک میں اور کسی بھی سیاق میں ظاہر ہو سکتے ہیں۔ بطور ایک لیڈر کے آپ کے لیے نئے یا ظہور پذیر انسانی حقوق کے خطرات سے واقف رہنا اور اندرونی چینلوں کے توسط سے ان کی اطلاع دینا لازمی ہے۔ انسانی حقوق متحرک ہوتے ہیں اور آپریشنز نادانستہ طور پر کمپنی کے اندرونی اور بیرونی دونوں طور پر ایک یا زیادہ انسانی حقوق کو متاثر کر سکتے ہیں۔
- فعال بنیں۔ اگر انسانی حقوق کی کوئی ممکنہ خلاف ورزی آپ کے علم میں آتی ہے تو فورا اس کی اطلاع دیں۔ اطلاع راست طور پر انتظامیہ کی اعلی سطحوں، انسانی وسائل، کمپنی کے قانونی صلاح کار یا EthicsLine کے ذریعہ کی جا سکتی ہے۔
- اسی طرح، اگر آپ سے کوئی شکایت کی جاتی ہے تو اسے سنجیدگی سے لیں اور کوئی چھان بین شروع کرنے کے لیے انسانی وسائل کے ساتھ مل کر کام کریں۔ اگر انتظامیہ یہ فیصلہ کرتا ہے کہ اصلاحی کارروائی کی ضرورت ہے تو آگے بڑھیں اور انسانی وسائل اور / یا قانونی شعبہ کے ذریعہ فراہم کردہ رہنمائی کی بنیاد پر یہ کارروائیاں فوراً کریں۔
- انسانی حقوق سے متعلق کمپنی کی پالیسی کے نفاذ میں ہم آہنگی ضروری ہے۔ اگر آپ اس بابت پر یقین نہ ہوں کہ کسی مخصوص حالت میں کسی خاص حق کا کیا مطلب ہو سکتا ہے تو کارروائی کرنے سے پہلے گلوبل ورک پلیس رائٹس [Global Workplace Rights] سے متعلق ٹیم سے humanrights@coca-cola.com پر رابطہ کریں
- انسانی حقوق سے متعلق خطرات کے تئیں خبردار رہنے اور ایسے ماحول کی آبیاری کے لیے اپنی ٹیم کی حوصلہ افزائی کریں جس میں یہ تشویشات بے جھجھک اور فوراً شیئر کی جائیں اور درست انداز میں ان کا نمٹارا کیا جائے۔
- کوکا کولا کمپنی ہیومن رائٹس ایپ (KO App اسٹور سے) ایک ٹول کے طور پر ڈاؤن لوڈ کریں جو کہ انسانی حقوق سے متعلق خطرات کی نشاندہی کرنے اور ان کا نظم ونسق کرنے میں آپ اور آپ کی ٹیم کی مدد کرتی ہے۔
- کمپنی کے انسانی حقوق کے وسائل کا استعمال کریں، جن میں انسانی حقوق سے متعلق پالیسی، سپلائر سے متعلق رہنما اصول، انسانی حقوق سے متعلق احتیاطی تدابیر کی جانچ فہرست، نفاذ سے متعلق رہنمائیاں اور دیگر وسائل جو کہ Journey پر دستیاب ہیں:
  - http://www.coca-colacompany.com/our-company/human-rights-policy
  - http://www.coca-colacompany.com/our-company/supplier-guiding-principles

سوالات یا مزید معلومات کے لیے ای میل کریں:
humanrights@coca-cola.com

The Coca-Cola Company

# انسانی حقوق کی پالیسی

**انسانی حقوق کا احترام**

انسانی حقوق کا احترام کوکا کولا کمپنی کی بنیادی اقدار میں شامل ہے۔ ہم اپنے ملازمین، سپلائروں اور آزاد بوٹلرز کے ساتھ اپنے رشتوں میں کاروبار اور انسانی حقوق سے متعلق اقوام متحدہ کے رہنما اصولوں کے مطابق انسانی حقوق کا پاس ولحاظ رکھنے اور انہیں فروغ دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہمارا مقصد ان معاشروں میں جن میں ہم کاروبار کرتے ہیں انسانی حقوق کی بالا دستی قائم رکھنے میں مدد کرنا ہے۔

یہ پالیسی ان بین الاقوامی انسانی حقوق کی پالیسیوں کی روشنی میں تیار کی گئی ہے جن کو انسانی حقوق کے عالمی منشور میں شامل کیا گیا ہے، ان میں وہ بھی شامل ہیں جنہیں عالمی مسودہ برائے حقوق اور بنیادی اصول اور کام کی جگہ پر حقوق سے متعلق عالمی ادارہ محنت کے 1998 کے منشور میں جگہ دی گئی ہے۔

اس پالیسی کا اطلاق کوکا کولا کمپنی، ہماری زیر ملکیت کمپنیوں، اور ان کمپنیوں پر ہوتا ہے جن میں ہمارا بڑا حصّہ ہے نیز ان سہولت گاہوں پر ہوتا ہے جو ہمارے زیر انتظام ہیں۔ کمپنی آزاد بوٹلرز اور سپلائروں سے بھی ان اصولوں پر کاربند رہنے کی توقع کرتی ہے اور ان سے اپنے خود کے کاروبار میں اس جیسی پالیسیاں اپنانے کی درخواست کرتی ہے۔

ہم اپنے کاروبار اور ویلیو چین میں لوگوں کو در پیش انسانی حقوق سے متعلق خطرات کی شناخت اور روک تھام کے لیے مطلوبہ احتیاط کو ایک وسیلہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ جہاں ہم نے اپنی کاروباری سرگرمیوں کے نتیجہ میں یا اس کی وجہ سے ہونے والے منفی انسانی حقوق کے اثرات کی شناخت کی ہے، ہم ان کے منصفانہ اور مساوی حل فراہم کرنے یا ان میں تعاون دینے کے لیے پابند عہد ہیں۔ ہم ایسی تمام صورتوں میں تھرڈ پارٹیوں کے ساتھ اپنے رشتوں کو ذریعہ بنا کر اصلاحات تک رسائی کو فروغ دینا چاہتے ہیں جن میں ہم ان منفی اثرات سے مربوط ہیں یا شامل ہیں۔

انسانی حقوق کی پالیسی کی نگرانی کوکا کولا کمپنی کا بورڈ آف ڈائریکٹرز کرتا ہے، بشمول چیف ایگزیکٹو آفیسر کے۔

## معاشرہ اور حصص مالکان کی شمولیت

ہم یہ تسلیم کرتے ہیں کہ ہم ان معاشروں کا حصّہ ہیں جن میں ہم کاروبار کرتے ہیں۔ ہم انسانی حقوق کے ایسے مسائل سے متعلق معاشروں کے ساتھ بات چیت کرتے ہیں جو کہ ان کے لیے اہم ہیں جیسے زمین کے حقوق، پانی اور صحت تک رسائی۔ ہم ان معاشروں میں لوگوں کے ساتھ بھی بات چیت کرتے ہیں، جن میں مقامی لوگ نیز دیگر کمزور اور محروم جماعتیں شامل ہیں۔ ہمارا مقصد بات چیت کے ذریعہ اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ہم اپنے کاروبار کی انجام دہی کے دوران ان کے افکار وخیالات سنتے ہیں، ان سے سیکھتے ہیں اور ان پر غور وفکر کرتے ہیں۔ ہمارا ماننا ہے کہ مقامی مسائل مقامی سطح پر مناسب ترین انداز میں حل کیے جاتے ہیں۔

جہاں کہیں موزوں ہوتا ہے ہم اپنے کاروبار سے وابستہ انسانی حقوق کے مسائل سے متعلق سول سوسائٹی کے ایک بڑے طبقہ اور حصص مالکان کے ساتھ بات چیت کرتے ہیں۔ اس میں ہماری کمپنی کے اندر، ہمارے پورے ویلیو چین اور اپنے مختلف اسپانسرسپس کے ساتھ مسائل شامل ہیں، جن کے ذریعہ ہم انسانی حقوق کے لیے احترام کو فروغ دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

## تنوع اور شمولیت

ہم جن لوگوں کے ساتھ کام کرتے ہیں ہم ان کے تنوع اور شمولیت کی قدر کرتے ہیں اور انہیں فروغ دیتے ہیں۔ ہم لوگ مساوی مواقع کے تئیں پابند عہد ہیں اور ہم امتیازی سلوک اور ہراسانی کو برداشت نہیں کرتے ہیں۔ ہم کام کی ایسی جگہیں قائم رکھنے کے لیے کام کرتے ہیں جو کہ نسل، جنس، رنگ، قومی یا سماجی بنیاد، نسلیت، مذہب، عمر، معذوری، جنسی میلان، جنسی شناخت یا اظہار، سیاسی نظریہ یا کسی دیگر قابل اطلاق قانون کے تحت تحفظ یافتہ حالت کی بنیاد پر امتیازی سلوک یا ہراسانی سے پاک ہوں۔ بھرتی، ملازمت، تعییناتی، ترقی، تربیت، معاوضہ اور کمپنی میں آگے بڑھنے کی بنیاد، قابلیتوں، کارکردگی، مہارتوں اور تجربہ پر ہے۔

ہم اہانت آمیز یا نا مناسب طرز عمل، غیر منصفانہ برتاؤ یا کسی طرح کی انتقامی کارروائی کو برداشت نہیں کرتے ہیں۔ کام کی جگہ پر یا کام کی جگہ سے باہر کام سے وابستہ کسی حالت میں ہراساں کرنے کے عمل کو برداشت نہیں کیا جاتا ہے۔

## ایسوسی ایشن کی آزادی اور اجتماعی سودے بازی

ہم کسی لیبر یونین میں شامل ہونے یا نہ ہونے نیز کوئی لیبر یونین قائم کرنے کے اپنے ملازمین کے حق کا احترام کرتے ہیں جس کے لیے انہیں انتقامی کارروائی سے ڈرنے، دھونس کھانے یا ہراساں ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ جہاں کہیں ملازمین کی نمائندگی قانونی طور پر تسلیم شدہ کسی یونین کے ذریعہ ہوتی ہے تو ہم ان کے ذریعہ آزادانہ طور پر انتخاب کردہ نمائندگان کے ساتھ کوئی تعمیری بات چیت قائم کرنے کے لیے پابند عہد ہیں۔ کمپنی اس طرح کے نمائندگان کے ساتھ نیک نیتی کے ساتھ گفت وشنید کرنے کی پابند ہے۔

## محفوظ اور صحت مند کام کی جگہ

ہمارے ملازمین کی سلامتی اور صحت انتہائی اہم ہے۔ ہماری پالیسی ایک محفوظ اور صحت مند کام کی جگہ فراہم کرنا ہے اور قابل اطلاق سلامتی اور صحت کے قوانین اور ضابطوں نیز اندرونی تقاضوں کی تعمیل کرنا ہے۔ ہم اپنے ملازمین کے صلاح ومشورہ سے اور حادثات کے تشخیص شدہ خطرات، چوٹ اور صحت کے اثرات کا تمٹارا کرکے اور ان کا حل نکال کر ایک محفوظ، صحت مند اور پیداواری کام کی جگہ فراہم کرنے اور اسے قائم رکھنے کے لیے کام کرتے ہیں۔

## کام کی جگہ پر سیکورٹی

ہم کام کی ایک ایسی جگہ قائم رکھنے کے پابند ہیں جو کہ تشدد، ہراسانی، دھونس اور دیگر غیر محفوظ یا اندرونی اور بیرونی خطرات کی وجہ سے ہونے والی تخریبی حالتوں سے پاک ہو۔ ملازمین کے لیے حسب ضرورت سیکورٹی کے حفاظتی بندوبست کیے جاتے ہیں ملازمین کی خصوصیت اور عزت نفس کے احترام کے ساتھ انہیں قائم رکھا جاتا ہے۔

## جبری مزدوری اور انسانوں کی تجارت

ہم جبری مزدوری کی تمام شکلوں کے استعمال کی ممانعت کرتے ہیں، جن میں جیل خانہ کی مزدوری، حالت قید مزدوری، بندھوا مزدوری، ملٹری مزدوری، غلامی کی جدید شکلیں اور انسانی تجارت کی کوئی بھی شکل شامل ہے۔

## مزدوری اطفال

ہم 18 سال سے کم عمر افراد کو ایسی آسامیوں کے لیے ملازمت پر رکھنے سے منع کرتے ہیں جن میں خطرے والے کام کی ضرورت ہو۔

## کام کے گھنٹے، اجرتیں اور فوائد

ہم انڈسٹری اور مقامی لیبر مارکیٹ کے لحاظ سے، نیز قابل اطلاق اجتماعی سودے بازی کے معاہدوں کی شرائط کے مطابق ملازمین کو معاوضہ دیتے ہیں۔ ہم قابل اطلاق اجرت، کام کے گھنٹوں، اوورٹائم اور فوائد کے قوانین کی مکمل تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے کام کرتے ہیں۔

## زمین کے حقوق اور پانی کے ذرائع

ہم انسانی حقوق کے احترام کے تعلق سے قابل لحاظ نتائج کو تسلیم کرتے ہیں جو کہ ہمارے پورے ویلیو چین میں زمین کے استعمال اور پانی کے استعمال سے متعلق ہو سکتے ہیں، جن پر ہم مخصوص پالیسی اور کارروائی کے ذریعہ کام کرتے ہیں۔

حالاں کہ ہم عموماً کھیتوں سے راست طور پر چیزیں نہیں خریدتے ہیں، ہم متعدد زراعتی سامان کے ایک بڑے خریدار کے طور پر اپنی اقدار کی بنیاد پر مقامی کسانوں اور معاشروں کے زمین کے حقوق کے تحفظ میں مدد کے لیے کارروائی کرنے اور اپنے اثر ورسوخ کا استعمال کرنے کے لیے مجبور ہیں۔

ہم پائیدار پانی کی سپلائیوں، صحت بخش پینے کے پانی کی انسانی ضرورت اور مناسب صحت گاری کے ذریعہ ماحولیاتی نظاموں اور معاشروں دونوں کے تحفظ کا احترام کرتے ہیں۔ ہم اپنے واٹر اسٹیوارڈشپ پروگرام کے ذریعہ پانی کے تئیں حقوق پر مبنی ایک طریق کار کی تعمیل کرتے ہیں جو کہ مقامی طور پر پانی سے متعلق خطرات کا اندازہ لگا کر خطرے کو کم کرتا ہے، ہم حکومتوں، معاشروں اور دیگر حصص مالکان کے ساتھ مشاورت اور شراکت کرتے ہیں تاکہ پانی پر دباؤ کا حل تلاش کر سکیں جب اور جہاں کہیں ضرورت ہو، اور اس کے لیے ہم پانی کے منبع کے تحفظ کے منصوبوں کو اپنی سہولت گاہوں میں نافذ کرتے ہیں۔

## صحت مند طرز زندگی

ہم تغذیہ سے متعلق شفاف معلومات اور صارفین کو باخبر فیصلے کرنے کے قابل بنانے کے لیے مشروبات کے متعدد اختیارات فراہم کرنے کے لیے پابند عہد ہیں جو کہ صحت مند طرز زندگی کے ساتھ ہم آہنگ ہوں۔

## کوئی سوال یا تشویش ہے؟

- برائے مہربانی مقامی انتظامیہ، انسانی وسائل، قانونی شعبہ یا اسٹریٹجک سیکورٹی کے سامنے کوئی سوالات یا تشویشات اٹھائیں
- ملازمین EthicsLine کی محفوظ انٹرنیٹ ویب سائٹ www.KOethics.com کے ذریعہ بھی مشتبہ پالیسی کی خلاف ورزیوں کی رپورٹ کر سکتے ہیں یا اپنے مقام کے لیے ٹول فری نمبر پر کال کرکے جو کہ www.KOethics.com ویب سائٹ پر پایا جاتا ہے۔

یوروپین یونین کے افراد کے لیے: برائے مہربانی نوٹ کر لیں کہ EU کے ضابطہ کی وجہ سے EthicsLine فون یا ویب سروسیز صرف مالی، اکاؤنٹنگ اور آڈٹنگ کے مسائل کی ہی اطلاع دینے کی اجازت دیتی ہیں۔ انسانی اور کام کی جگہ کے حقوق کی پالیسی کے تحت مسائل کی اطلاع دینے کے لیے، اپنے مقامی انتظامیہ، انسانی وسائل، مقامی احتساب کاران یا قانونی شعبہ سے رابطہ کریں۔

*کمپنی اس پالیسی میں کبھی بھی ترمیم کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ اس پالیسی میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو یہ کہتی ہو یا جس کا یہ مطلب نکلتا ہو کہ کمپنی اور اس کے ملازمین یا کسی فریق ثالث کے درمیان کوئی معاہدہ موجود ہے یا اس پالیسی کی تعمیل کوکا کولا کمپنی کے ساتھ جاری ملازمت کی ضمانت ہے۔*

سوالات یا مزید معلومات کے لیے ای میل کریں: humanrights@coca-cola.com

اگست 2017